1. ایک دوسرے کو سلام کریں۔ (مسلم:54)
2. ان سے ملاقات کرنے جائیں۔ (مسلم:2567)
3. ان کے پاس بیٹھنے اٹھنے کا معمول بنائیں۔ (لقمان-15)
4. ان سے بات چیت کریں۔ (مسلم:2560)
5. ان کے ساتھ لطف و مہربانی سے پیش آئیں۔ (سنن ترمذی:1924، صحیح)
6. ایک دوسرے کو ہدیہ و تحفہ دیا کریں۔ (صحیح الجامع:3004)
7. اگر وہ دعوت دیں تو قبول کریں۔ (مسلم:2162)
8. اگر وہ مہمان بن کر آئیں تو ان کی ضیافت کریں۔ (ترمذی:2485، صحیح)
9. انہیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ (مسلم:2733)
10. بڑے ہوں تو ان کی عزت کریں۔ (سنن ابو داؤد:4943، سنن ترمذی:1920، صحیح)
11. چھوٹے ہوں تو ان پر شفقت کریں۔ (سنن ابو داؤد:4943، سنن ترمذی:1920، صحیح)
12. ان کی خوشی و غم میں شریک ہونا۔ (صحیح بخاری:6951)
13. اگر ان کو کسی بات میں اعانت درکار ہو تو اس کام میں ان کی مدد کریں۔ (صحیح بخاری:6951)
14. ایک دوسرے کے خیر خواہ بنیں۔ (صحیح مسلم:55)
15. اگر وہ نصیحت طلب کریں تو انہیں نصیحت کریں۔ (صحیح مسلم:2162)
16. ایک دوسرے سے مشورہ کریں۔ (آل عمران:159)
17. ایک دوسرے کی غیبت نہ کریں۔ (الحجرات:12)
18. ایک دوسرے پر طعن نہ کریں۔ (الھمزہ:1)
19. پیٹھ پیچھے برائیاں نہ کریں۔ (الھمزہ:1)
20. چغلی نہ کریں۔ (صحیح مسلم:105)
21. آڑے نام نہ رکھیں۔ (الحجرات:11)
22. عیب نہ نکالیں۔ (سنن ابو داؤد:4875، صحیح)
23. ایک دوسرے کی تکلیفوں کو دور کریں۔ (سنن ابو داؤد:4946، صحیح)
24. ایک دوسرے پر رحم کھائیں۔ (سنن ترمذی:1924، صحیح)
25. دوسروں کو تکلیف دے کر مزے نہ اٹھائیں۔ (سورہ مطففین سے سبق)
26. ناجائز مسابقت نہ کریں۔ مسابقت کرکے کسی کو گرانا بری عادت ہے۔ اس سے ناشکری یا تحقیر کے جذبات پیدا ہوتے ہیں۔ (صحیح مسلم:2963)
27. نیکیوں میں سبقت اور تنافس جائز ہے جبکہ اس کی آڑ میں تکبر، ریاکاری اور تحقیر کارفرما نہ ہو۔ (المطففین:26)
28. طمع، لالچ اور حرص سے بچیں۔ (التکاثر:1)
29. ایثار و قربانی کا جذبہ رکھیں۔ (الحشر:9)
30. اپنے سے زیادہ آگے والے کا خیال رکھیں۔ (الحشر:9)
31. مذاق میں بھی کسی کو تکلیف نہ دیں۔ (الحجرات:11)
32. نفع بخش بننے کی کوشش کریں۔ (صحیح الجامع:3289، حسن)
33. احترام سے بات کریں۔ بات کرتے وقت سخت لہجے سے بچیں۔ (آل عمران:159)
34. غائبانہ اچھا ذکر کریں۔ (ترمذی:2737، صحیح)
35. غصہ کو کنٹرول میں رکھیں۔ (صحیح بخاری:6116)
36. انتقام لینے کی عادت سے بچیں۔ (صحیح بخاری:6853)
37. کسی کو حقیر نہ سمجھیں۔ (صحیح مسلم:91)
38. اللہ کے بعد ایک دوسرے کا بھی شکر ادا کریں۔ (سنن ابوداؤد:4811، صحیح)
39. اگر بیمار ہوں تو عیادت کو جائیں۔ (ترمذی:969، صحیح)
40. اگر کسی کا انتقال ہو جائے تو جنازے میں شرکت کریں۔ (مسلم:2162)

❖ صلہ رحمی پر نبی ﷺ کے ارشادات ❖

- وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا جو صلہ رحمی نہ کرتا ہو۔ (صحیح بخاری: 5984، مسلم:2556)
- تم اپنے وہ انساب سیکھو جن کے سبب سے تم صلہ رحمی کروگے۔ کیونکہ صلہ رحمی گھر والوں میں محبت کا سبب ہے، مال میں کثرت کا ذریعہ ہے اور عمر میں زیادتی کا باعث ہے۔ (صحیح الجامع:1051)
- اگر کوئی رشتہ دار تجھ سے قطع تعلقی کرے تو تو اس سے میل جول پیدا کرنے کی کوشش کر یہی اصلی صلہ رحمی ہے۔ صلہ رحمی یہ نہیں کہ قطع تعلقی کرنے والے کے ساتھ تو بھی روٹھ کر بیٹھ جائے۔ (صحیح بخاری:5991)
- جو شخص کسی دوسرے انسان پر رحم نہیں کرتا اللہ بھی اس پر رحم نہیں کرتا۔ (صحیح بخاری:7376، صحیح مسلم:2319)

نوٹ: ابن قیم رحمہ اللہ کا قول ہے: "حقوق کی ادائیگی میں گڑبڑ پیدا کرنے والی چار بیماریاں ہیں: کبر، حسد، غصہ اور شہوت۔ یہ بیماریاں ساری برائیوں کی جڑ ہیں، ان سے جتنا بچیں گے اتنی زندگی سکون سے گزرے گی۔"

زرین قول: آپ جہاں بیٹھیں ہیں وہاں سے اٹھنے کے بعد بھی آپ کی خوشبو باقی رہے، جیسے کہ پھولوں کو اٹھائے جانے کے بعد بھی خوشبو باقی رہتی ہے۔ برے آدمی کی مثال ایسی ہے کہ گندگی اٹھائے جانے کے بعد بھی بدبو آتی ہے۔ خوشبو دار پھول بنیے، بدبودار بنے سے بچیے۔

نوٹ: اس بروچر میں 40 تعلیمات منتبط ہیں، بعینہ الفاظ نبوی مراد نہیں کمپوزنگ کرنے والے شیخ عبداللہ عمری صاحب اور جمیع حضرات کا جنہوں نے اس کار خیر میں حصہ لیا تہہ دل سے شکر گزار ہیں، دعا گو ہیں اللہ اس بروچر کی نشر واشاعت میں حصہ لینے والوں کو اجر عظیم عطا فرمائے۔

رشتوں میں محبت کیسے پیدا کریں؟

أربعين أسرية

40 سنہری اسلامی تعلیمات

گھروں کی خوشحالی کے لئے

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia
www.AskIslamPedia.com

Concept and Preparation:
SHAIKH ARSHAD BASHEER UMERI MADANI
MBA, Pursuing Ph.D from Switzerland
Founder & Director - AskIslamPedia.com

www.askmadani.com
+91-92906 21633, +91-93909 93901

Publisher & Printer
ABM Print Time
+91-99890 22928
abm.printtime@gmail.com